قارئین کے سوالات

غلام مصطفیٰ ظہیر امن پوری

سوال نمبر ا کیا حالتِ نیند میں نبی ئ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی زیارت ہو سکتی ہے ؟

جواب : ہمارا عقیدہ ہے کہ شیطان لعین ہمارے امامِ اعظم محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی صورتِ مبارک اختیار نہیں کر سکتا ، جیسا کہ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا : من رآنی منکم فی المنام فقد رآنی ، فانّ الشّیطان لا یتمثّل فی صورتی۔

''جس نے خواب میں مجھے دیکھا ، یقینا اس نے مجھے ہی دیکھا ، کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا ۔''(صحیح بخاری : ۱۱۰ ، ٦۹۹۳ ، صحیح مسلم : ۲۲٦٦)

سیدنا ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا : من رآنی فقد رأی الحقّ ۔

''جس نے حالتِ نیند میں میرا دیدار کیا ، بالیقین اس نے حق دیکھا (یعنی مجھے ہی دیکھا )۔''

(صحیح بخاری : ٦۹۹٦ ، صحیح مسلم : ۲۲٦۷)

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا :

من رآنی فی المنام فسیرانی فی الیقظہ ، ولا یتمثّل الشّیطان بی ۔

''جس نے خواب میں میرا دیدار کیا ، وہ حالتِ بیداری میں بھی میرا دیدار کرے گا ، شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا ۔''(صحیح بخاری : ٦۹۹۳ ، صحیح مسلم : ۲۲٦٦)

اس حدیثِ مبارک نے اوپر والی احادیث کا مطلب واضح کر دیا ہے کہ ان احادیثِ مبارکہ کا تعلق صحابہ ئ کرام سے ہے ، یعنی آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے صحابہ کرام سے فرمایا کہ جس نے خواب میں مجھے دیکھا ، یقینا اس نے مجھے ہی دیکھا ، وہ حالتِ بیداری میں بھی مجھے دیکھ لے گا ، شیطان میری شکل و صورت اختیار نہیں کر سکتا

ہاں !یہ تو ہو سکتا ہے کہ آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے مشابہ انسان کی شکل میں متشکل ہو کر یہ کہہ دے کہ میں ''محمد رسول اللہ '' ہوں ، اب جس نے نبی ئ رحمت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی حیاتِ طیبہ میں آپ کا حلیہ ئ مبارک نہیں دیکھا ، وہ کیسے کہہ سکتا ہے کہ یہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم ہیں یا کوئی دوسرا انسان ہے ؟

آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے حلیہ ئ مبارک کی جان پہچان تو وہی کر سکتا ہے ، جس نے پہلے آپ کو حالتِ بیداری میں دیکھا ہو ، وہ صحابہ ئ کرام ہی ہو سکتے ہیں ، کوئی دوسرا نہیں ۔

لہٰذا یہ کہنا پڑے گا کہ صحابہ ئ کرام کے لیے آپ صلّی اللہ علیٰ وسلّم کی زیارت کا تعین ہونا درست ہے ، اب کسی انسان کو یقینی طور پر زیارت نصیب نہیں ہو سکتی ، چونکہ ہمارے پاس ایسا کوئی پیمانہ نہیں ہے جس سے ہم یہ معلوم کر سکیں کہ زیارت کا دعوے دار مصیب ہے یا مخطی ، لہٰذا ہم عادل ، صالح ، صحیح العقیدہ اور متبع سنت کے دعوٰیئ دیدار کے بارے میں سکوت کرتے ہیں ۔

تنبیہ: حیران کن بات تو یہ ہے کہ اب جو بھی آپ کی زیارت کا دعوٰی کرتا ہے ، ہر ایک الگ الگ صورت و شکل بیان کرتاہے ، ایک صورت پر متفق نہیں ۔

امام ایوب السختیانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں : کان محمّد ھو ابن سیرین اذا قصّ علیہ رجل أنّہ رأی النّبیّ صلّی اللّہ علیہ وسلّم قال : صف لی الّذی رأیتہ ، فان وصفہ لہ صفہ لا یعرفھا قال : لم ترہ ۔

''امام محمد بن سیرین تابعی رحمہ اللہ پر جب کوئی بیان کرتا کہ اس نے نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا دیدار کیا ہے تو آپ فرماتے ، جو صورت و شکل تو نے دیکھی ہے ، وہ بیان کر ، اگر وہ آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی وہ صورت ان سے بیان کرتا جس کو وہ نہیں جانتے ہوتے تھے تو کہہ دیتے ، تو نے نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کو نہیں دیکھا ۔''

(صحیح بخاری ، فتح الباری : ۱۲/۳۸٤ ، تغلیق التعلیق : ۵/۲٦۷۔۲٦۸ ، وسندہ، صحیح)

حافظ ابنِ حجر رحمہ اللہ نے اس کی سند کو ''صحیح '' کہا ہے ۔

امام ابنِ سیرین رحمہ اللہ کی بات سے ہماری بات کو تقویت ملتی ہے ۔فللہ الحمد والمنہ

علی الاسلام والسّنّ□ !
★★□□□□□□□□□□□□★★□□□□□□□□□□□□★★
اپیل دعائ□ مغفرت
پرچ□ پریس میں جاچکا تھا ک□ ی□ افسوسناک خبر موصول □وئی ک□ برادرم ِمحترم جناب
قاری محمود الحسن صاحب اور قاری احمد حسن صاحب آف تاندلیانوال□ کی والد□ ئ
ماجد□17فروری 2009 کو بقضائ□ ال□ی وفات پا گئیں ، مرحوم□ ن□ایت نیک ، صالح□ اور
صوم و صلوٰ □ کی پابند تھیں ،دعا □□ ک□ الل□ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائ□ ، ان ک□ لواحقین
کو صبر جمیل عطا فرمائ□ اور ان کی اولاد کو ان ک□ لی□ صدق□ ئ جاری□ بنائ□ ! آمین □
قارئین س□ بھی التماس □□ ک□ و□ مرحوم□ ک□ لی□ خصوصی دعائ□ مغفرت فرمائیں □

جناز□ ک□ آگ□ یا پیچھ□ بآوا